سوال

عیاش لوگوں سے صدقہ کی رقم لینا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں محمد شفیق کارپینٹر کا کام کرتا ہوں اس وقت ہمارا کام ایسی جگہ پر چل رہا ہے جہاں پر عیاش لوگ سیر وتفریح کے لئے آتے ہیں اور فحش کام کرتے ہیں نشے کی حالت میں کبھی کبھار ہمیں رقم دے جاتے ہیں کہ یہ ہماری طرف سے صدقہ ہے۔ کیا یہ رقم ہمارے لئے استعمال کرنا جائز ہے ؟ اگر نہیں تو ہم اس رقم کا کیا کریں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

پہلی بات تو یہ ہے کہ آپ کو ایسی مشکوک جگہ کام ہی نہیں کرنا چاہئے، کیونکہ آپ ان کے گناہوں میں معاونت کا رول ادا کر رہے ہیں، جس پر آپ بھی گناہ گار ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ اگر وہ لوگ آپ کو یہ رقم بغیر کسی خدمت کے دیتے ہیں تو آپ کے لئے جائز ہے، اور اگر آپ برائی میں ان سے تعاون کرتے ہیں، تو جس طرح تعاون حرام ہے، اسی طرح یہ رقم لینا بھی حرام ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی